# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 26 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۶/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ آئین کے قیام سے پارلیمانی جمہوریت مزید مضبوط ہوئی ہے۔قانون ساز کونسل میں خصوصی بحث کے دوران اسپیکر کا بیان۔

☆ سومناتھ سوریہ ونشی کی موت کے معاملے میں مقررہ کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق کارروائی کی جائے گی: اسمبلی میں آخری ہفتے کی تجویز پر بحث کے جواب میں وزیرِ اعلیٰ کی یقین دہانی۔

☆ ریاست میں امن وقانون کی صورتحال تشویشناک ہونے کا قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے کا الزام۔

☆ اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر عہدے کیلئے راشٹر وادی کانگریس پارٹی کے انا بنسوڑے کی جانب سے واحد درخواست داخل۔

☆ نام دیو ڈھساڑ ایوارڈ کیلئے ڈاکٹر راجندر گونارکر کے شعری مجموعے ''نوی لیپی'' کا انتخاب۔

اور۔۔۔☆ دھاراشیو ضلع میں راشن کی دکانوں پر بچت گروپس کی مصنوعات فروخت کرنے کا فیصلہ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

قانون ساز کونسل کے چیئرمین پروفیسر رام شندے نے زور دے کر کہا ہے کہ آئین کے قیام کے سبب پارلیمانی جمہوریت مضبوط ہوئی ہے۔ وہ کل قانون ساز کونسل میں بھارتی آئین کی صد سالہ تقریب کے شاندار سفر پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے مخاطب تھے۔ انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ ہمارا آئین آنے والی نسلوں کیلئے مشعلِ راہ ثابت ہوگا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل اسمبلی میں آخری ہفتہ کی تجویز پر بحث کا جواب دیا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ پربھنی کے سومناتھ سوریہ ونشی کی موت کے بعد کی گئی پوسٹ مارٹم رپورٹ میں تضادات ہیں، وِیسیرا اور بیرونی رپورٹیں مختلف ہیں، لہٰذا اس معاملے کی تفتیش کیلئے مقررہ کمیٹی کی رپورٹ آنے کے بعد اس کے مطابق کارروائی کی جائے گی، ساتھ ہی سنتوش دیشمکھ کے قاتلوں کو بھی بخشا نہیں جائے گا۔

وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ بدعنوانی کی روک تھام کیلئے امدادِ باہمی سب رجسٹرار دفاتر کے تمام کاموں کو ڈیجیٹل کیا جائے گا، اور اس سلسلے میں پہلے مرحلے کی کارروائی تین مہینے اور دوسرے مرحلے کی کارروائی چھ ماہ میں مکمل کی جائے گی۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے ریاست میں امن وقانون کی صورتحال سنگین اورتشویشناک ہونے کا الزام عائد کیا ہے۔وہ قانون ساز کونسل میں آخری ہفتے کی تجویز پر بحث کے دوران بول رہے تھے۔دانوے نے الزام لگایا کہ ممبئی پولس محکمے کے سینئر افسران کی مدد سے کرکٹ پر سٹے بازی بڑے پیمانے پر چل رہی ہے،انہوں نے اس سلسلے میں ایک پین ڈرائیو میں اسپیکر کو ثبوت بھی پیش کیے۔

***** ***** *****

وزیر برائے تعمیراتِ عامہ شیویندرراجے بھوسلے نے بتایا ہے کہ جاریہ اجلاس کے اختتام کے بعدایک اجلاس لیکر چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کے نگرنا کے سے کیمبرج چوک تک راستے کے مجوزہ کام کے بارے میں ایک تجویز پیش کی جائے گی۔وہ امباداس دانوے کے سوال کا جواب دے رہے تھے۔

***** ***** *****

اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر عہدے کیلئے راشٹروادی کانگریس پارٹی کے پمپری کے رکنِ اسمبلی انا بنسوڑے نے کل اپنا عریضہ داخل کیا۔اس عہدے کیلئے بنسوڑے واحد امیدوار ہونے کی وجہ سے یہ انتخاب بلا مقابلہ ہوگا۔اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر کی جانب سے آج نائب اسپیکر کے طور پر انا بنسوڑے کے نام کا اعلان کرنے کا امکان متعلقہ خبروں میں ظاہر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا نے کل 2025 کا مالیاتی بل منظور کرلیا۔مرکزی وزیرِ مالیات نرملا سیتارمن نے بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وضاحت کی کہ ٹیکس میں چھوٹ، ٹیکس دہندگان کے فائدے اور کاروبار کرنے میں آسانی کیلئے دی گئی ہے۔وزیرخزانہ نے نئے آمدن ٹیکس بل پر پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس میں بحث کرنے کا عندیہ بھی دیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ کی سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے شعبۂ صحافت کے ڈائریکٹر اور مصنف وشاعر ڈاکٹر راجندر گونارکر کے شعری مجموعے ’’نوی لپی‘‘ کو اس سال کے عالمی امبیڈکری ساہتیہ مہامنڈل کے نامدیو ڈھساڑ ریاستی سطح کے شاعری اعزاز کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ڈاکٹر راجندر گونارکر کی 13 مختلف کتابیں شائع ہوچکی ہیں۔30 مارچ کو ناگپور میں ایک خصوصی تقریب میں انہیں یہ ایوارڈ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے بچت گروپوں کے ذریعے تیار کردہ مصنوعات کو ضلعے میں ہی بازار فراہم کرنے کی پہل ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجارنے کی ہے۔جلد ہی، خواتین بچت گروپس کے ذریعے تیار کردہ مصنوعات ضلعے کی تمام راشن کی دکانوں پر فروخت کیلئے رکھی جائیں گی۔ضلع کلکٹر پجار نے اس فیصلے سے خود مدد گروپس کی حوصلہ افزائی ہونے کا بھی یقین ظاہر کیا۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے سلوڑ تعلقہ میں بھورک واڑی کے قریب ایک تیز رفتار دو پہیہ گاڑی درخت سے ٹکرا جانے کے سبب ہوئے حادثے میں تین نوجوانوں کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔یہ حادثہ کل دوپہر کے قریب پیش آیا۔مہلوکین میں سے دو نوجوان پمپری کے اور ایک ناسک کا رہائشی ہونے کی وضاحت متعلقہ خبر میں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

بیڑضلع جیل میں محروس ملزم ستیش بھو سلے عرف کھوکیا کوجیل میں آسائشیں فراہم کرنے کے الزام میں دو پولس اہلکاروں کومعطل اور تھانے دار کووجہ بتاؤنوٹس جاری کیا گیا ہے۔ایڈیشنل پولس سپرنٹنڈنٹ سچن پانڈے نے بتایا کہ اگران ملازمین سمیت دیگر افسران قصوروار پائے جاتے ہیں تو ان کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

ریزروبینک آف انڈیا کے افسر آکاش کابرا نے صارفین سے آن لائن بینکنگ اوراے ٹی ایم کا استعمال کرتے وقت محتاط رہنے کی اپیل کی ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں مالی بیداری اورخواندگی پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔اس سلسلے میں،معلومات حاصل کرنے کیلئے انھوں نے ریزروبینک کی ویب سائٹ پردستیاب ویڈیوز دیکھنے کی اپیل بھی عوام سے کی ہے۔

***** ***** ****

جالنہ ضلعے کے جزوی غیر امدادی اسکولوں میں خدمات انجام دینے والے اساتذہ نے کل احتجاجی مظاہرہ کیا۔اس دوران ایک خاتون معلمہ سمیت چاراساتذہ نے جسم پرآتش گیر مادہ ڈال کرخودسوزی کی کوشش کی۔تاہم،پولس نے بروقت مداخلت کرتے ہوئے انھیں تحویل میں لےلیا۔

***** ***** *****

بیڑضلعے کے آشرم اسکولوں کے اساتذہ نے کل ضلع کلکٹر دفتر کے سامنے غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال شروع کی ہے۔اس حوالے سے ضلع انتظامیہ کوایک مطالباتی محضر بھی پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

میونسپل کمشنراورایڈمنسٹریٹر جی شری کانت نے خبردار کیا ہے کہ چھترپتی سمبھا جی نگر میں پردھان منتری آواس اسکیم کی شہری اکائی کے تحت پروجیکٹ رپورٹ کی فہرست میں شامل شہریان یکم اپریل 2025 تک تعمیراتی کام شروع کردیں،بصورت دیگران کے نام پروجیکٹ رپورٹ کی فہرست سے ہٹادیے جائیں گےاورسرکاری گرانٹ کی رقم حکومت کوواپس کردی جائے گی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے روٹے گاؤں کے قریب ریلوے ٹریک کے کاموں کیلئے آج ایک لائن بلاک کیا گیا ہے۔جس کے باعث اس روٹ پر چلنے والی ریلوے گاڑیوں کوجزوی طورپرمنسوخ کردیا گیا ہے جبکہ کچھ گاڑیاں تاخیر سے چلیں گی۔جنوب وسطی ریلوے نے مسافروں سے اس تبدیلی کونوٹ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت آکولہ میں 40اعشاریہ دوڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔مراٹھواڑہ کے دھاراشیو میں 37ڈگری سیلسیس،چھترپتی سمبھا جی نگر میں 38اعشاریہ پانچ،پربھنی میں 38اعشاریہ آٹھ اور بیڑ میں 39اعشاریہ چارڈگری سیلسیس درجۂ حرارت درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ آئین کے سہارے سے پارلیمانی جمہوریت مزید مضبوط ہوئی ہے۔قانون ساز کونسل میں خصوصی بحث کے دوران اسپیکر کا بیان۔

☆ سومناتھ سوریہ ونشی کی موت کے معاملے میں مقررہ کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق کارروائی کی جائے گی: اسمبلی میں آخری ہفتے کی تجویز پر بحث کے جواب میں وزیرِ اعلیٰ کی یقین دہانی۔

☆ ریاست میں امن وقانون کی صورتحال تشویشناک ہونے کا قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے کا الزام۔

☆ اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر عہدے کیلئے راشٹروادی کانگریس پارٹی کے انا بنسوڑے کی جانب سے واحد درخواست داخل۔

☆ نام دیوڈھساڑ ایوارڈ کیلئے ڈاکٹر راجندر گونارکر کے شعری مجموعے ''نوی لیپی'' کا انتخاب۔

اور۔۔۔☆ دھاراشیو ضلعے میں راشن کی دکانوں پر بچت گروپس کی مصنوعات فروخت کرنے کا فیصلہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****